# قواعد وضوابط

برائے

## انٹرمیڈیٹ پارٹ I اور پارٹ II امتحانات

سیکرٹری تعلیمات / کنٹرولنگ اتھارٹی بورڈز (حکومت پنجاب) کی طرف سے جاری کردہ چٹھی نمبر S.O(Boards) 12-3/2014 مورخہ 18-9-2015 اور پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین کے اجلاس منعقدہ 24 دسمبر 2014 کی شق نمبر 13 کے تحت سیکنڈری سکول و ہائیر سیکنڈری سکول کی سطح پر پریکٹیکل کی گریڈینگ کو ختم کر کے دوبارہ پریکٹیکل کے نمبر بحال کر دیے گئے ہیں۔(جس کی تفصیل بورڈ کی جانب سے جاری کیے گئے نوٹیفیکشن نمبر 2/2015 مورخہ 28-09-2015) پر موجود ہے۔ نیز حکومت پنجاب چیف منسٹرز مانیٹرنگ فورس سکول ایجوکیشن کی طرف سے سیکنڈری سکول کی سطح پر ڈینگی سے متعلق نہم جماعت میں بیالوجی اور جنرل سائنس جبکہ جماعت دہم میں دہشت گردی سے متعلق مختصر سوال مطالعہ پاکستان کے پرچہ میں دیے جائیں گے۔اسی طرح انٹرمیڈیٹ کی سطح پر دہشت گردی سے متعلق مختصر سوال گیارہویں جماعت میں اسلامیات لازمی جبکہ بارہویں جماعت کیلئے ڈینگی سے متعلق سوال مطالعہ پاکستان میں دیے جائیں گے۔ اس سکیم کا اطلاق اکیڈمک سیشن 17-2015 سے ہوگا۔اس سکیم کے تحت گیارہویں جماعت سالانہ امتحان 2016ء وماء بعد لیا جائے گا۔ گیارہویں جماعت اور بارہویں جماعت کے امتحانات کے لیے مضامین / پرچہ جات اور نمبروں کی تقسیم کتاب کے اگلے صفحات پر درج معیار کے مطابق ہوگی۔

Scanned with CamScanner

## SCHEME OF STUDIES FOR INTERMEDIATE EXAMINATIONS UNDER PART SYSTEM FOR SESSION 2016-18 & ONWARD

Punjab Boards of Intermediate and secondary Education, offer qualifications for both English and Urdu medium candidates for Intermediate / Higher Secondary School Certificate (HSSC) level education. The revised Intermediate / HSSC Scheme of Studies issued by the Curriculum Wing will be implemented from Session 2012-2014 and onward. Accordingly, each Intermediate / HSSC subject will be taught across both the Classes XI & XII. The marks and groups allocated to the subjects in the revised Scheme of Studies are as follows:

### PRE - MEDICAL GROUP

| Sr # | Code | Subject | Part-I | Part-II | Practical |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | 6002<br>6006 | Urdu /<br>Pakistani Culture<br>(for Foreign Students only) | 100 | 100 | |
| 2. | 6001 | English | 100 | 100 | |
| 3. | 6092<br>6093 | Islamic Education **OR**<br>Ethics / Civics (for Non Muslims) | 50 | | |
| 4. | 6091 | Pakistan Studies | | 50 | |
| 5. | 6046 | Biology | 85 | 85 | 30 |
| 6. | 6047 | Physics | 85 | 85 | 30 |
| 7. | 6048 | Chemistry | 85 | 85 | 30 |
| | | | **505** | **505** | **90** |
| | | **Total Marks:** | **1100** | | |

Scanned with CamScanner

# PRE - ENGINEERING GROUP

| Sr# | Code | Subject | Part-I | Part-II | Practical |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | 6002<br>6006 | Urdu /<br>Pakistani Culture<br>(for Foreign Students only) | 100 | 100 | |
| 2. | 6001 | English | 100 | 100 | |
| 3. | 6092<br>6093 | Islamic Education **OR**<br>Ethics / Civics (for Non Muslims) | 50 | | |
| 4. | 6091 | Pakistan Studies | | 50 | |
| 5. | 6019 | Mathematics | 100 | 100 | |
| 6. | 6047 | Physics | 85 | 85 | 30 |
| 7. | 6048 | Chemistry | 85 | 85 | 30 |
| | | | **520** | **520** | **60** |
| | | **Total Marks:** | | **1100** | |

Scanned with CamScanner

# GENERAL SCIENCE GROUP

| Sr. # | Code | Subject | Part-I | Part-II | Practical |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | 6002<br>6006 | Urdu /<br>Pakistani Culture<br>(for Foreign Students only) | 100 | 100 | |
| 2. | 6001 | English | 100 | 100 | |
| 3. | 6092<br>6093 | Islamic Education OR<br>Ethics / Civics (for Non Muslims) | 50 | | |
| 4. | 6091 | Pakistan Studies | | 50 | |
| 5. | | A) Physics, Mathematics, Statistics<br>B) Mathematics, Economics, Statistics<br>C) Economics, Mathematics, Computer Science<br>D) Mathematics, Statistics, Computer Science<br>E) Mathematics, Physics, Computer Science<br>**(CHOOSE ANY ONE COMBINATION)** | 85 +100 + 85<br>100 +100 + 85<br>100 +100 + 75<br>100 +85 + 75<br>100 +85 + 75 | 85 +100 + 85<br>100 +100 + 85<br>100 +100 + 75<br>100 +85 + 75<br>100 +85 + 75 | 60<br>30<br>50<br>80<br>80 |
| | | **Total Marks:** | **1100** | | |

Scanned with CamScanner

## MEDICAL TECHNOLOGY GROUP CLASS-XI (PART-I)

| Sr. # | Code | Subject | Theory | Practical |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 6002<br>6006 | Urdu /<br>Pakistani Culture<br>(for Foreign Students only) | 100 | |
| 2 | 6001 | English | 100 | |
| 3 | 6092<br>6093 | Islamic Education OR<br>Ethics / Civics (for Non Muslims) | 50 | |
| | | **300 Marks each**<br>**(Opt one Group only)**<br>1. Medical Lab Technology Group<br>2. Dental Hygiene Technology Group<br>3. Operation Theatre Technology Group<br>4. Medical Imaging Technology Group<br>5. Physiotherapy Technology Group<br>6. Ophthalmic Technology Group | 50 +50 + 50<br>50 +50 + 100<br>50 +50 + 100<br>50 +50 + 100<br>50 +50 + 100<br>50 +50 + 100 | 50 +50 + 50<br>25 +25 + 50<br>25 +25 + 50<br>25 +25 + 50<br>25 +25 + 50<br>25 +25 + 50 |
| | | **Total Marks:** | **550** | |

## MEDICAL TECHNOLOGY GROUP CLASS-XII (PART-II)

| Sr. # | Code | Subject | Theory | Practical |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 6002<br>6006 | Urdu /<br>Pakistani Culture<br>(for Foreign Students only) | 100 | |
| 2 | 6001 | English | 100 | |
| 3 | 6091 | Pakistan Studies | 50 | |
| | | **300 Marks each**<br>**(Opt one Group only)**<br>1. Medical Lab Technology Group<br>2. Dental Hygiene Technology Group<br>3. Operation Theatre Technology Group<br>4. Medical Imaging Technology Group<br>5. Physiotherapy Technology Group<br>6. Ophthalmic Technology Group | 50 +50 + 50<br>50 +50 + 100<br>50 +50 + 100<br>50 +50 + 100<br>50 +50 + 100<br>50 +50 + 100 | 50 +50 + 50<br>25 +25 + 50<br>25 +25 + 50<br>25 +25 + 50<br>25 +25 + 50<br>25 +25 + 50 |
| | | **Total Marks:** | **550** | |

Scanned with CamScanner

## COMMRECE GROUP

| Sr # | Code | Subject | Part-I | Part-II | Practical |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | 6002<br>6006 | Urdu /<br>Pakistani Culture<br>(for Foreign Students only) | 100 | 100 | |
| 2. | 6001 | English | 100 | 100 | |
| 3. | 6092<br>6093 | Islamic Education OR<br>Ethics / Civics (for Non Muslims) | 50 | | |
| 4. | 6091 | Pakistan Studies | | 50 | |
| 5. | 6070 | Principles of Accounting | 100 | 100 | |
| 6. | 6054 | Principles of Economics<br>**Commercial Geography in Part-II** | 75 | 75 | |
| 7. | 6058<br>6095 | Principles of Commerce with **Banking in Part-II**<br>**OR**<br>Principles of Commerce with **Computer Studies in Part-II** | 75<br>75 | 75<br>50 | 25 |
| 8. | 6064 | Business Mathematics<br>**Statistics in Part-II** | 50 | 50 | |
| | | **Total Marks:** | | **1100** | |

Scanned with CamScanner

## ISLAMIC STUDIES GROUP

| Sr# | Code | Subject | Part-I | Part-II |
|---|---|---|---|---|
| 1. | 6002<br>6006 | Urdu /<br>Pakistani Culture<br>(for Foreign Students only) | 100 | 100 |
| 2. | 6001 | English | 100 | 100 |
| 3. | 6092<br>6093 | Islamic Education OR<br>Ethics / Civics (for Non Muslims) | 50 | |
| 4. | 6091 | Pakistan Studies | | 50 |
| 5. | 6024 | Arabic | 100 | 100 |
| 6. | 6025 | Islamic Studies (Fiqh and Usul-e-Fiqh) | 100 | 100 |
| 7. | 6082<br><br>6081 | **Islamic History and Culture** with option-I (The Political & Cultural History of Islam from the beginning of Abbasies to falls of Baghdad) in Part-II. **OR**<br>**Islamic History and Culture** with Option-ii (The Cultural system of Islam) in Part-II. | 100 | 100 |
| | | | **550** | **550** |
| | | **Total Marks:** | **1100** | |

## HOME ECONOMICS GROUP CLASS-XI (PART-I)

| Sr.# | Code | Subject | Theory | Practical |
|---|---|---|---|---|
| 1. | 6002<br>6006 | Urdu /<br>Pakistani Culture<br>(for Foreign Students only) | 100 | |
| 2. | 6001 | English | 100 | |
| 3. | 6092<br>6093 | Islamic Education OR<br>Ethics / Civics (for Non Muslims) | 50 | |
| 4. | 6073 | Biology | 35 | 15 |
| 5. | 6074 | Chemistry | 35 | 15 |
| 6. | 6076 | Home Management | 85 | 15 |
| 7. | 6075 | Clothing & Textile | 85 | 15 |
| | | **Total Marks:** | **550** | |

Scanned with CamScanner

## HOME ECONOMICS GROUP CLASS-XII (PART-II)

| Sr.# | Code | Subject | Theory | Practical |
|---|---|---|---|---|
| 1. | 6002<br>6006 | Urdu /<br>Pakistani Culture<br>(for Foreign Students only) | 100 | |
| 2. | 6001 | English | 100 | |
| 3. | 6091 | Pakistan Studies | 50 | |
| 4. | 6072 | Applied Art | 85 | 15 |
| 5. | 6077 | Food & Nutrition | 85 | 15 |
| 6. | 6078 | Child Development and Family Living | 85 | 15 |
| | | **Total Marks:** | **550** | |

## HUMANITIES GROUP

| Sr # | Code | Subject | Part-I | Part-II |
|---|---|---|---|---|
| 1. | 6002<br>6006 | Urdu / Pakistani Culture<br>(for Foreign Students only) | 100 | 100 |
| 2. | 6001 | English | 100 | 100 |
| 3. | 6092<br>6093 | Islamic Education OR<br>Ethics / Civics (for Non Muslims) | 50 | |
| 4. | 6091 | Pakistan Studies | | 50 |
| 5. | | **Choose Three Elective Subjects**<br>(From the List of Elective Subjects) | 100+100+100 | 100+100+100 |
| | | | **550** | **550** |
| | | **Total Marks:** | **1100** | |

Scanned with CamScanner

## LIST OF ELECTIVE SUBJECTS FOR (CLASSES XI & XII)

| Sr# | Code | Subjects |
|---|---|---|
| 1. | 6015 | History(Opt one only from the following History Subjects) History Modern World |
| 2. | 6031<br>6007 | History of Islam Banu Ummayyah with (Muslim in Spain) in Part-II<br>History of Islam Banu Ummaya with (Abbasi of Baghdad) in Part-II |
| 3. | 6009 | History of Muslim India |
| 4. | 6010 | History of Pakistan |
| 5. | 6011 | Economics |
| 6. | 6012 | Geography (Marks: Th-I-85+ Th-II-85+Pra-30=200) |
| 7. | 6014 | Philosophy |
| 8. | 6016 | Psychology (Marks: Th-I-85+ Th-II-85+Pra-30=200) |
| 9. | 6017 | Civics |
| 10. | 6018 | Statistics (Marks: Th-I-85+ Th-II-85+Pra-30=200) |
| 11. | 6019 | Mathematics |
| 12. | 6020 | Islamic Studies |
| 13. | 6021 | Outlines of Home Economics (Marks: Th-I-85+ Th-II-85+Pra-30=200 |
| 14. | 6023 | Fine Arts (Marks: Th-I-40+ Th-II-40+Pra-120=200) |
| 15. | 6024<br>6034<br>6032<br>6096<br>6033<br>6038<br>6039<br>6040<br>6028<br>6029 | Arabic/<br>Persian/<br>Punjabi/<br>Saraiki/<br>Pushto/<br>Balochi/<br>Sindhi/<br>Modern Languages<br>French (Marks: Th-I-100+ Th-II-75+Pra-25=200)<br>German (Marks: Th-I-100+ Th-II-70+Pra-30=200) |
| 16. | 6027 | English Elective |
| 17. | 6037 | Urdu Advance |
| 18. | 6042 | Health and Physical Education (Marks: Th-I-85+ Th-II-85+Pra-30=200 |
| 19. | 6043 | Education |
| 20. | 6045 | Sociology |
| 21. | 6008 | Library Science (Marks: Th-I-85+ Th-II-85+Pra-30=200) |
| 22. | 6083 | Computer Science (Marks: Th-I-75+ Th-II-75+Pra-50=200) |

Scanned with CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| 23. | 6041 | Geology (Marks: Th-I-85+ Th-II-85+Pra-30=200) |
| 24. | 6090 | Agriculture (Marks: Th-I-85+ Th-II-85+Pra-30=200) |
| 25. | 6079 | Nursing (Marks: Th-I-85+ Th-II-85+Pra-30=200) |
| 26. | 6022 | Music (Marks: Th-I-40+ Th-II-40+Pra-120=200) |
| 27. | 6013 | Military Science (Marks: Th-I-100+ Th-II-100=200) |
| 28. | 6038 | Commercial Practice |

1- پنجاب بورڈز کے زیر انتظام 1996ء سے انٹرمیڈیٹ کا امتحان پارٹ سسٹم کے تحت (پارٹ وائز) (Part - waise) لیا جائے گا۔ گیارہویں جماعت کا امتحان ''انٹرمیڈیٹ پارٹ-I'' اور بارہویں جماعت کا امتحان ''انٹرمیڈیٹ پارٹ-II'' کہلائے گا۔

2- پارٹ سسٹم کے امتحان کے لیے پرچہ اے اور پرچہ بی کی بجائے پرچہ I اور پرچہ II کے نام استعمال کیے جائیں گے۔

3- پارٹ I کا ضمنی امتحان نہیں لیا جائے گا۔

4- اسلامک ایجوکیشن کا امتحان پارٹ I میں لیا جائے گا۔ اور مطالعہ پاکستان کا امتحان پارٹ II میں لیا جائے گا۔

5- پارٹ I اور پارٹ II میں نمبروں کی تقسیم گورنمنٹ/بورڈ کی وضع کردہ پالیسی کے مطابق ہوگی۔

6- پارٹ I میں شریک ہونے والے امیدواران کو بارہویں جماعت میں ترقی دے دی جائے گی اور وہ پارٹ I کے نتیجے کا انتظار نہیں کریں گے۔

7- پارٹ I امتحان میں 33 فیصد سے کم نمبر والے مضمون/مضامین میں اگر کوئی امیدوار پارٹ II کے ساتھ دینا

Scanned with CamScanner

چاہے تو اسے ایسا کرنے کی اجازت ہوگی بصورت دیگران کا نتیجہ پارٹ I اور پارٹ II میں حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر مرتب کیا جائے گا۔ پارٹ I اور پارٹ II کو ایک ہی امتحان تصور کیا جائے گا اور امیدوار کی اس امتحان کے تمام مضامین میں شرکت اس کے الاٹ شدہ امتحانی مرکز میں حاضر ہونے پر مشروط ہوگی۔ بیماری یا دیگر کسی بھی وجہ سے کوئی اضافی موقع نہیں دیا جائے گا اور امتحانی مرکز سے غیر حاضری امتحان سے غیر حاضری تصور کی جائے گی۔

۸- انٹرمیڈیٹ امتحان کا حتمی نتیجہ پارٹ I اور پارٹ II میں تحریری نمبروں کے مجموعہ اور عملی نمبروں میں علیحدہ علیحدہ پاس کرنے کی بنیاد پر ہوگا۔

9- O Level "O" جی سی ای یا کوئی مساوی امتحان پاس کرنے والے امیدواروں کو IBCC سے مساوی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے بعد مروجہ قوانین کے مطابق انٹرمیڈیٹ کا امتحان دینے کی اجازت ہوگی۔

10- پارٹ سسٹم کے تحت تحریری اور عملی پرچوں کا دورانیہ بورڈ کی جانب سے تعین کردہ اوقات کے مطابق ہوگا۔

11- پارٹ I میں کالجوں میں داخلہ لینے کی آخری تاریخ بورڈ کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق ہوگی۔

12- پارٹ I اور پارٹ II کا امتحان ہر سال بورڈ کے اعلان کردہ شیڈول کے مطابق ہوگا۔

13- پارٹ I کے امتحان کے بعد امیدوار کو صرف نتیجہ کا اطلاع نامہ جاری کی اجائے گا۔ کسی قسم کی پاس کی سند جاری نہیں کی جائے گی۔

14- پارٹ I اور پارٹ II کا امتحان مجموعی طور پر پاس کرنے کے بعد سند جاری کی جائے گی۔

15- گیارہویں جماعت (فرسٹ ائیر) کے کسی بھی مضمون/مضامین میں 33% سے کم نمبر، غیر حاضر اور صرف رجسٹرڈ ہونے والے طلباء/طالبات سالانہ امتحان پارٹ-I کے نتیجہ (RESULT) کی اشاعت کے 30-ایام کے اندر کسی بھی ادارہ میں دوبارہ داخلہ (RE-ADMISSION) حاصل کر سکتے ہیں۔ ری ایڈمشن حاصل کرنے والے طلباء/طالبات کا سابقہ رجسٹریشن نمبر ہی برقرار رہے گا۔ اور ادارہ اس امر سے بورڈ کو تحریری طور پر قواعد و ضوابط کے مطابق مطلع کرنے کا پابند ہوگا۔

16- گیارہویں جماعت میں پاس طلباء/طالبات اپنا رزلٹ کینسل کروا کر دوبارہ گیارہویں جماعت کا امتحان دے سکتے

Scanned with CamScanner

ہیں ایسے امیدوار کو اپنا مضمون / مضامین / گروپ بھی تبدیل کرنے کی اجازت ہوگی رزلٹ کینسل کروانے والے امیدواران کی پہلے والی رجسٹریشن بحال رہیگی ۔ تاہم ریگولر امیدواران کیلیے ضروری ہے کہ وہ گیارہویں جماعت کے رزلٹ (RESULT) کی اشاعت کے 30۔ ایام کے اندر اپنا رزلٹ / نتیجہ منسوخ / کینسل کروائیں جبکہ پرائیویٹ امیدواران امتحان میں شرکت کیلیے داخلہ فارم جمع کروانے سے پہلے اپنا سابقہ پاس شدہ رزلٹ کینسل کروانے کے پابند ہوں گے۔

17- صرف ریگولر فیل شدہ طلباء / طالبات پارٹ I کا امتحان پارٹ II کے ساتھ دیں گے۔ جبکہ ایسے پرائیویٹ امیدواران جو اپنا سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ امتحان دو سال قبل پاس کر چکے ہیں۔ پارٹ I اور پارٹ II کا امتحان ایک ساتھ دینے کے اہل ہوں گے۔

18- پارٹ I کے ایسے ریگولر امیدوار جن کو ناجائز ذرائع استعمال کرنے کے سلسلہ میں ایک امتحان یا دو امتحانات کیلیے نااہل قرار دیا گیا ہو وہ سزا ختم ہونے کے بعد آئندہ سالانہ امتحان میں بطور ریگولر امیدوار پارٹ I اور پارٹ II کا اکٹھا امتحان دے سکتے ہیں اسی طرح پارٹ I کے ایسے پرائیویٹ امیدوار جن کو ناجائز ذرائع استعمال کرنے کی بناء پر میں ایک امتحان یا دو امتحانات کیلیے نا اہل قرار دیا گیا ہو وہ سزا ختم ہونے کے بعد آئندہ سالانہ امتحان میں بطور پرائیویٹ امیدوار پارٹ I اور پارٹ II کا اکٹھا امتحان دے سکتے ہیں۔ پارٹ I کے ایسے ریگولر امیدوار جن کو ناجائز ذرائع استعمال کرنے کے سلسلے میں تین یا زائد امتحانات کے لیے نااہل قرار دیا گیا ہو۔ وہ سزا ختم ہونے تک پارٹ II کا امتحان دینے کے اہل نہیں ہونگے۔ سزا ختم ہونے کے بعد وہ آئندہ امتحان میں بطور ریگولر امیدوار پاٹ I اور پارٹ II کا اکٹھا امتحان دینے کے اہل ہونگے۔ اسی طرح پارٹ I کے ایسے پرائیویٹ امیدوار جن کو ناجائز ذرائع استعمال کرنے کے سلسلے میں تین یا زائد امتحانات کے لیے نااہل قرار دیا گیا ہو وہ سزا ختم ہونے کے بعد آئندہ امتحان میں بطور پرائیویٹ امیدوار پارٹ I اور پارٹ II کا اکٹھا امتحان دینے کے اہل ہونگے۔ مزید برآں پارٹ -I میں ایک سے زائد امتحانات میں

Scanned with CamScanner

نااہل قرار دیے جانے والے امیدوار کا چانس سالانہ امتحان کے ساتھ سپلیمنٹری چانس خیالی (Notional) تصور کیا جائے گا۔ پارٹ II کے ریگولراور پرائیویٹ امیدوار جن پر ناجائز ذرائع استعمال کرنے کے سلسلے میں شکایات درج ہوں گی کو مروجہ قوانین کے تحت نمٹایا جائے گا۔ نیز پارٹ II کے ساتھ پارٹ I کے فیل شدہ مضامین کا امتحان دینے والے امیدوار پر بھی مروجہ قوانین ہی لاگو ہوں گے۔

19 ریگولر امیدوار کے لیے لازم ہو گا کہ وہ پارٹ I کے امتحان کے لیے کل دیے گئے لیکچروں میں سے کم از کم 75 % میں حاضر رہا ہو۔اور کالج امتحان برائے استحقاق شمولیت بورڈ امتحان میں کم از کم ای گریڈ حاصل کیاہو اسی طرح پارٹ II کے امتحان کے لیے بھی 75 % لیکچروں کی حاضری کی پابندی ہوگی نیز کالج امتحان برائے استحقاق شمولیت بورڈ امتحان میں کم ازکم ای گریڈ حاصل کیا ہو۔

20- اگر کوئی ادارہ نامساعد حالات کی وجہ سے پارٹ I (گیارھویں جماعت) کے کسی امیدوار کا داخلہ نہیں بھیج سکا تو اس امیدوار کو پارٹ-II (بارھویں جماعت) میں پروموٹ کر دیا جائے گا اور اس کا داخلہ پارٹ II (بارھویں جماعت / کمپوزٹ) میں حاضریاں پوری ہونے پر ارسال کرے گا اگر نامساعد حالات کی بناء پر پارٹ II (بارھویں جماعت) میں بھی حاضریاں پوری نہ ہوتی ہوں تو پھر اسے Detain کر کے اس کا داخلہ آئندہ سپلیمنٹری امتحان میں ارسال کرے گا۔اسی طرح کسی وجہ سے پارٹ - I کے امتحان میں رول نمبر جاری ہونے کے بعد شرکت نہ کر سکنے والے امیدوار کا داخلہ بھی اگلے سال پارٹ-II کے ساتھ بھیجا جاسکے گا۔

21- انٹرمیڈیٹ پارٹ-I میں کی گئی رجسٹریشن پارٹ-II کے لیے بھی کارآمد ہوگی۔

22- اگر کوئی ریگولر امیدوار پارٹ - I کے امتحان میں شریک ہوتا ہے اور نامساعد حالات کی وجہ سے ریگولر تعلیم جاری نہیں رکھ سکتا اور اسکے مضامین پریکٹیکل والے نہیں ہیں۔ تو وہ پارٹ - II میں بطور پرائیویٹ امیدوار امتحان میں شامل ہوسکتا ہے۔

23- سپلیمنٹری امتحان میں نئے سرے (As a Fresh Candidate) امتحان دینے پر پابندی ہوگی۔

Scanned with CamScanner

24- انٹرمیڈیٹ امتحان پاس کرنے کے لیے امیدوار کے پارٹ - I اور پارٹ - II کے مجموعی نمبروں کو ملا کر متعلقہ مضمون میں پاس یا فیل شمار کرنا ہوگا۔ کوئی بھی امیدوار اگر زیادہ سے زیادہ دو مضامین میں فیل ہوتو اسے کمپارٹمنٹ دی جائے گی۔ دو سے زیادہ مضامین میں فیل ہونے والا امیدوار پورے امتحان یعنی پارٹ-I اور پارٹ-II کے امتحان میں مکمل طور پر فیل تصور ہوگا۔ کمپارٹمنٹ کے مضمون/مضامین کو پاس کرنے کے لیے اگلے فوری تین امتحانی مواقع دیے جائیں گے اس شق کے تحت ہر امیدوار کو پارٹ - Iاور پارٹ - II کے امتحانات میں ایک ساتھ شریک ہونا ہوگا تاہم اگر کوئی امیدوار کسی مضمون کے کسی پارٹ میں غیر حاضر رہتا ہے اور دوسرے پارٹ میں وہ اتنے نمبر حاصل کر لیتا ہے کہ اس کے حاصل کردہ نمبر اس مضمون کے دونوں پارٹس کے پاس مارکس کے مجموعہ کے برابر یا زیادہ بھی ہو جائیں تو پھر بھی اس کو اس مضمون میں پاس نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ کسی ایک پارٹ میں غیر حاضر رہنے کی بنا پر دوسرے پارٹ میں اس نے کوئی نمبر حاصل نہیں کیا اس لیے غیر حاضر پارٹ کو دوسرے پارٹ کے حاصل کردہ نمبروں کے ساتھ ملایا نہیں جاسکتا اس کو اس پارٹ میں فیل کر دیا جائے گا جس میں وہ غیر حاضر رہا اور اس کو فیل شدہ مضمون / مضامین جن میں وہ غیر حاضر رہا تھا۔ پاس کرنے کیلئے قواعد کے مطابق امتحانی موقع/مواقع دیئے جائیں گے۔

25- جوامیدوار پارٹ - I اور پارٹ - II میں حاصل کردہ نمبروں کے حساب سے فیل ہوگا۔ وہ فیل شدہ پارٹ کا امتحان دے گا۔ مثلاً اگر ایک امیدوار ایجوکیشن کے مضمون میں پارٹ-I میں ۴۰ نمبر لیتا ہے اور پارٹ-II میں ۲۴نمبر لیتا ہے تو مجموعہ ۴۰+۲۴= ۶۴ بنتا ہے اس کے پارٹ-II میں ۳۳ فیصد سے کم نمبر ہیں اس لیے اسے صرف پارٹ-II کا ایجوکیشن کا امتحان دینا ہوگا۔

26- اگر کوئی امیدوار پارٹ -I کے امتحان میں شرکت کرتا ہے لیکن پارٹ-II کے امتحان میں شرکت نہیں کرتا تو اس کا پارٹ-I کا نتیجہ اسکے پارٹ-II کے امتحان میں شرکت یا زیادہ سے زیادہ دو سال تک بشرطیکہ جوبھی پہلے واقع ہومحفوظ رکھا جائے گا۔ اس کے بعد یہ نتیجہ منسوخ سمجھا جائے گا۔

Scanned with CamScanner

27- انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کرنے کے بعد ڈویژن یا گریڈ یا نمبر بہتر بنانے کیلئے دوسال کے اندر اندر امیدوار کوموجودہ نصاب میں انہیں مضامین / گروپ میں (جس میں امیدوار نے امتحان پاس کیا ہو) صرف ایک موقع دیا جائے گا۔ یہ امیدوار کی مرضی ہو گی کہ وہ پارٹ -I یاپارٹ -II یا دونوں پارٹ یا پھر کسی بھی مضمون / مضامین میں نمبر بہتر بنانے کے لیے امتحان دے۔ نمبر بہتر بنانے پر امیدوار کو نیارزلٹ کارڈ جاری کیا جائے گااور نمبر بہتر نہ بننے پر پرانا نتیجہ ہی بحال رہے گا۔ ایسے امیدواران جو کسی مضمون / مضامین میں بہتر نمبروں کے حصول کیلئے امتحان دیتے ہیں وہ گریس مارکس کے حاصل شدہ مضمون /مضامین کا امتحان بھی بیک وقت انکے ساتھ دیں گے۔ گریس مارکس کے حاصل شدہ مضمون / مضامین میں کامیابی حاصل نہ کرنے کی صورت میں اگر دوسرے مضمون / مضامین میں ان کو بہتر نمبروں کے حصول میں کامیابی ہو جاتی ہے تو بھی ان کارزلٹ (Marks Not Improved) شائع کیا جائے گا۔ مزید برآں ایسے امیدوار کو کسی قسم کے رعائتی نمبر نہیں دیئے جائیں گے اور نہ ہی وہ سکالرشپ کا مستحق ہوگا۔

28- ایڈیشنل مضمون/مضامین اور ڈویژن یا گریڈ یا نمبر بہتر بنانے کیلئے انٹرمیڈیٹ کا امتحان امیدوار صرف اسی بورڈ میں دے سکے گا جس بورڈ سے انٹرمیڈیٹ امتحان اس نے پاس کر کے سند حاصل کی ہوگی۔

29- اگر امیدوار ڈویژن یا گریڈ یا نمبر بہتر بنانے کیلئے داخلہ بھیجتا ہے مگر کسی وجہ سے امتحان میں شامل نہیں ہو سکتا تو اس کا نمبر بہتر بنانے کا موقع (Chance) برقرار رہے گا۔ بشرطیکہ دو سال کے اندر اندر ہو۔ کوئی بھی امیدوار پارٹ -I کا نتیجہ چھوڑنے (Forgo) کے بعد پارٹ -I اور پارٹ -II کا امتحان اکٹھا دے سکتا ہے مگر ایسے امیدوار کو امتحان پاس کرنے کے بعد نمبر بہتر بنانے کا چانس نہیں ملے گا۔

30- داخلی تخمینہ کا گریڈ اداروں کی طرف سے بارھویں جماعت کے آخر میں منگوایا جائے گا۔ اور اس کا اندراج پارٹ-II امتحان کے سرٹیفکیٹ میں کیا جائے گا۔

31- پارٹ II کا نتیجہ مرتب کرتے وقت امیدواران کو مجموعی طور پر پارٹ - I اور پارٹ - II کے

Scanned with CamScanner

امتحان پاس کرنے کے لیے کل نمبروں (یعنی ۱۱۰۰ نمبروں) کا ایک فیصد بطور رعائتی نمبر دیے جائیں گے۔ یہ رعائتی نمبر بورڈ کیلنڈر باب 4 ضابطہ نمبر ۴۶ کی روشنی میں دیے جائیں گے۔ پارٹ ا کا نتیجہ مرتب کرتے وقت کوئی رعائتی نمبر نہیں دیے جائیں گے۔ تا ہم اگر کوئی امیدوار رعائتی نمبر نہیں لینا چاہتا تو وہ فوری اگلے امتحان کے داخلہ فارم جمع کروانے کے شیڈول کے اندر اندر اشٹام پیپر پر مجسٹریٹ درجہ اول کا تصدیق شدہ حلف نامہ اس امر کا مہیا کرے گا کہ اسے گریس والے مضمون /مضامین میں فیل کر دیا جائے کیونکہ وہ گریس لے کر پاس نہیں ہونا چاہتا۔ نیز یہ کہ اس نے گریس مارکس والے رزلٹ کارڈ پر نہ تو کسی کالج میں داخلہ لیا ہے اور نہ ہی کوئی ملازمت کی ہے نیز یہ بھی کہ آئندہ وہ گریس مارکس والا نتیجہ واپس نہیں مانگے گا۔ اس حلف نامے کے پیش نظر امیدوار کو فیل کر کے فیل شدہ مضمون /مضامین مین دوبارہ امتحان دینے کی اجازت دے دی جائے گی بشرطیکہ امیدوار کے کمپارٹمنٹ والے موقع / مواقع باقی ہو۔ اگر امیدوار کمپارٹمنٹ والا رزلٹ کارڈ لینا چاہے تو اس کو مجوزہ فیس کی ادائیگی پر نیا رزلٹ کارڈ جاری کیا جاسکتا ہے۔

32- انٹرمیڈیٹ کا کوئی امیدوار کسی ایک بورڈ کے پارٹ - ا کے امتحان میں شرکت کرنے کے بعد پارٹ - اا کا امتحان اور پارٹ - ا کے فیل شدہ مضمون /مضامین کا امتحان مروجہ قواعد وضوابط کے تحت کسی بھی دوسرے بورڈ میں دینے کا اہل ہو گا۔ لیکن یہ سہولت پورے تعلیمی دورانیہ (اکیڈمک سیشن) میں صرف ایک بار دی جائے گی۔

33- پرائیویٹ امیدوار پارٹ-ا اور پارٹ-اا کے امتحانات میں ایسا کوئی مضمون اختیار کرنے کے اہل نہیں ہوں گے جس میں عملی امتحان شامل ہو۔

34- پرائیویٹ امیدوار کیلئے لازم ہو گا کہ اس نے پارٹ - ا میں شرکت سے کم از کم ایک سال بیشتر اور پارٹ - اا کے امتحان میں شرکت سے کم از کم دو سال بیشتر میٹرک کا امتحان پاس کیا ہو۔

35- اگر کوئی ریگولر امیدوار پارٹ - اا کے سائنس مضامین کا داخلہ بھیجتا ہے اور امتحان کیلئے اہل قرار پاتا

Scanned with CamScanner

ہے۔ لیکن کسی وجہ سے امتحان میں شرکت نہیں کر سکتا۔ وہ سائنس مضامین کے ساتھ پرائیویٹ طور پر امتحان دے سکتا ہے۔ البتہ اسے امتحان میں شرکت کے مواقع (Chance) مروجہ قانون کے مطابق ملیں گے۔ جس چانس کو امیدوار نے کسی وجہ سے خود ضائع کیا ہو وہ چانس استفادہ شدہ متصور ہوگا۔

36- سائنس کے مضامین یا آرٹس کے ایسے مضامین جن میں عملی امتحان شامل ہو۔ بحیثیت پرائیویٹ امیدوار اختیار نہیں کیے جاسکتے البتہ جو امیدواران پہلے ریگولر امیدوار کی حیثیت سے امتحان میں شمولیت کر کے تمام مواقع ختم کر چکے ہوں تو وہ پریکٹیکل والے مضامین میں بطور پرائیویٹ امیدوار شامل ہوسکتے ہیں۔

37- اگر کسی امیدوار نے سائنس گروپ یا پریکٹیکل کے مضمون / مضامین میں بطور ریگولر پارٹ - I کا امتحان پاس کرلیا ہو لیکن کسی وجہ سے وہ اپنی تعلیم بطور ریگولر طالب علم جاری نہ رکھ سکا ہو تو وہ اپنا پارٹ -I کا نتیجہ نظر انداز کرے ہوئے آرٹس کے ایسے مضامین جن میں پریکٹیکل نہ ہو پارٹ -I اور پارٹ-II کا امتحان بطور پرائیویٹ امیدوار دینے کا اہل ہوگا۔

38- انٹرمیڈیٹ پارٹ - II یا کمپوزٹ سالانہ امتحان میں رول نمبر جاری ہونے کے بعد کلی طور پر غیر حاضر ہونے والے امیدواران کو بھی اس سال کے ضمنی امتحان میں شرکت کی اجازت ہوگی۔

39- ایسے اُمیدوار جو O-A Level / ثانویہ عامہ / ثانویہ خاصہ وغیرہ کا امتحان پاس کرنے کے بعد IBCC کی طرف سے جاری کردہ لیٹر کے مطابق ایڈیشنل مضمون / مضامین کا امتحان پاس کرنے کے بعد بورڈ قانون کے مطابق نمبر بہتر / گریڈ بہتر بنانے کیلئے دو سال کے اندر ایک موقع حاصل کرسکتے ہیں۔ مزید براں ایسے امیدواران کو کسی بھی قسم کے رعائتی نمبر نہیں دیئے جائیں گے۔

40- انٹرمیڈیٹ پارٹ-II (کمپوزٹ) امتحان میں /فیل غیر حاضر ہونے کی صورت میں دوبارہ صرف پارٹ-I کا امتحان نہیں دیا جاسکے گا۔

Scanned with CamScanner